7622 ـ کافر کے ساتھ چرچ میں جانے کا وعدہ کرنا

سوال

کیا وعدہ خلافی گناہ ہے یا مباح ؟
مسئلہ یہ ہے کہ میں پانچ برس کے لیے ایك نئی ملازمت پر آیا ہوں میرا ایك نصرانی دوست ہے جس کی عمر پنتالیس برس ہے، وہ میرے قریب ہونے اور نصرانیت و قرآن اور انجیل کے متعلق میرے ساتھ بات کرنے کی کوشش کرتا ہے، پھر اس نے مجھے چرچ جانے کی دعوت دی تو میں نے موافقت کرتے ہوئے وعدہ کر لیا، پھر مجھے خیال آیا کہ میں اس کے ساتھ چرچ میں نہ جاؤں اور اس کے ساتھ مناقشہ کرنےسے رك جاؤں کیا یہ صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبد اللہ بن جبرین حفظہ اللہ کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا:

اس کے ساتھ چرچ جانا جائز نہیں، کیونکہ ایسا کرنے میں اس چرچ کی تعظیم اور اس کا مقام ظاہر کرنا ہے، اور شرك و مشرکین کو دیکھنے کا باعث ہوگا، اس کے لیے اس وعدہ کی وعدہ خلافی کرنا واجب و ضروری ہے.

اور اس کافر کے لیے اس کا حکم بیان کرنا ضروری ہے کہ اس نے وعدہ خلافی کیوں کی.